سوال

جب منفرد اقامت کہنا بھول جائے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب کوئی شخص اکیلا نماز پڑھ رہا ہو وہ تکبیر کہنا بھول جائے اور نماز شروع کرلے تو اس کی کیا یہ نماز مکمل ہوگی یا وہ اسے دوبارہ از سر نو پڑھے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شخص منفرد یعنی مرد یا عورت انفرادی طور پر نماز پڑھ رہا ہو تو اس کے لئے یہ حکم نہیں ہے کہ وہ اقامت بھی کہے کیونکہ اقامت تو نماز باجماعت کے لئے ہوتی ہے اور اس سے مقصود نمازیوں کو یہ معلوم کروانا ہوتا ہے کہ جماعت کھڑی ہورہی ہے۔ لہذا انفرادی طور پر نماز پڑھنے والے کو اس کی ضرورت ہی نہیں اقامت نماز کے شروط اور ارکان میں سے بھی نہیں ہے لہذا اگر باجماعت نماز بھی اذان اور تکبیر کے بعد بغیر پڑھ لی جائے تو نماز درست ہوگی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص333

محدث فتویٰ